سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

سوموار، 31۔ مئی 2021

(یوم الاثنین، 19۔ شوال 1442ھ)

سترہویں اسمبلی: بتیسواں اجلاس

جلد 32 : شمارہ 6

405

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ 31۔ مئی 2021

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات

(محکمہ ترقی نسواں)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## توجہ دلاؤ نوٹس

## سرکاری کارروائی

رپورٹ کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

ایک وزیر رپورٹ ایوان کی میز پر رکھیں گے:

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوکاڑہ کی کارکردگی آڈٹ رپورٹ برائے آڈٹ سال 18-2017 ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا بتیسواں اجلاس

سوموار، 31۔ مئی 2021

(یوم الاثنین، 19۔ شوال 1442ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر ز لاہور میں سہ پہر 3 بج کر 30 منٹ پر زیر صدارت جناب چیئرمین میاں شفیع محمد منعقد ہوا۔

---

**تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری سید صداقت علی نے پیش کیا۔**

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿١٠﴾
تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ
وَاَنْفُسِكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ
ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ
طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٢﴾ وَاُخْرٰى
تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾

سورۃ الصف۔ آیات 10 تا 13

مومنو! میں تم کو ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں عذاب الیم سے نجات دےo وہ یہ کہ اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو۔ اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہےo وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تم کو جنت کے باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اور پاکیزہ مکانات میں جو ہمیشہ کی بہشت میں ہیں داخل کرے گا یہی بڑی کامیابی ہےo اور ایک اور چیز جس کو تم بہت چاہتے ہو یعنی تمہیں اللہ کی طرف سے غلبہ نصیب ہو گا اور فتح عنقریب ہو گی اور مومنوں کو اس کی خوشخبری سنا دوo

وَمَا علینا الا البلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ الحاج حافظ مرغوب احمد ہمدانی نے پیش کی۔

## نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

نبی ﷺ خاتم الانبیا کے برابر نہ پہلے تھا کوئی نہ اب ہے نہ ہوگا
محمد ﷺ کا ثانی محمدؐ کا ہمسر نہ پہلے تھا کوئی نہ اب ہے نہ ہوگا
اگر ہے تو اِک ذات اللہ کی ہے جو ذات محمد ﷺ سے اعلیٰ ہے ورنہ
محمد ﷺ سے اعلیٰ محمد ﷺ سے بڑھ کر نہ پہلے تھا کوئی نہ اب ہے نہ ہوگا
جسے حق نے بلوایا عرش عُلیٰ پر ہوئے متصل حق سے وہ مہمان داور
خدا کی خدائی میں ایسا پیغمبرؐ نہ پہلے تھا کوئی نہ اب ہے نہ ہوگا

## تعزیت

### معزز ممبر چودھری خوش اختر سبحانی کی وفات پر دعائے مغفرت

**جناب چیئرمین:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ انتہائی افسوس ناک خبر ہے کہ ہمارے معزز ایم پی اے چودھری خوش اختر سبحانی وفات پا گئے ہیں لہٰذا اُن کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔

(اس مرحلہ پر چودھری خوش اختر سبحانی ایم پی اے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

## پوائنٹ آف آرڈر

**جناب سمیع اللہ خان:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، سمیع اللہ خان!

### معزز ممبر چودھری خوش اختر سبحانی کی وفات پر ممبران کا اظہار خیال اور اجلاس کی کارروائی معطل کرنے کا مطالبہ

**جناب سمیع اللہ خان:** جناب چیئرمین! انتہائی افسوسناک خبر پورے ہاؤس نے سنی ہے اور اُن کے لئے دعائے مغفرت بھی کی گئی ہے لیکن میں ساتھ اپنے جذبات کو شامل کرتے ہوئے یہ کہنا چاہوں گا کہ خوش اختر سبحانی کا تعلق پنجاب کے ایک ایسے سیاسی گھرانے سے تھا جنہوں نے نا صرف پنجاب کی سیاست میں بڑا مثبت کردار ادا کیا بلکہ ضلع سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی میں اگر خوش اختر سبحانی کی فیملی کو minus کر دیا جائے تو ضلع سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی جو ہم آج دیکھ رہے ہیں شاید نہ دیکھ پاتے۔ اِن کے والد بزرگوار بھی اس ہاؤس کے ممبر رہے ہیں، میں اُن کے ساتھ نہیں رہا لیکن یہاں کچھ چہرے یقیناً موجود ہیں جو چودھری خوش اختر سبحانی colleague رہے ہیں۔ اُن کی اور اُن کے خاندان کی فہم و فراست کی بات کی جائے تو کسی نمائندے کی prime duty یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے حلقے کے عوام کی نمائندگی کرتا ہے، اگر اس ترازو میں اس خاندان کو تولا جائے تو میرے خیال میں اُن کو 100 میں سے 100 نمبر ملتے ہیں۔ آج ہم سب غمگین اور سوگوار ہیں کہ ایک اچھا ساتھی آج ہمارے ساتھ نہیں ہے۔ اُن کی نا صرف اپنے حلقے کے لئے بے شمار خدمات ہیں بلکہ صوبہ پنجاب کی

سیاست میں بھی انہوں نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ میں آخر میں دعا گو ہوں کہ بطور انسان ہم سب میں کمیاں، کوتاہیاں اور غلطیاں ہوتی ہیں لہٰذا بطور بشر اگر اُن سے بھی کوئی کمی، کوتاہی اور غلطی ہوئی ہے تو اللہ تعالیٰ اُن کو معاف فرمائے اور اُن کو جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ بہت شکریہ

**وزیر پبلک پراسیکیوشن** (چودھری ظہیرالدین): جناب چیئرمین! میں نے بھی بات کرنی ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، چودھری ظہیرالدین!

**وزیر پبلک پراسیکیوشن** (چودھری ظہیرالدین): جناب چیئرمین! شکریہ۔ خوش اختر سبحانی ہمارے اس معزز ایوان کے موجودہ ممبر تھے، پہلے بھی رہے ہیں اور کابینہ میں بھی رہے ہیں۔ جب نارووال اور شکر گڑھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کا حصہ تھے تب ان کے والد صاحب اسمبلی کے ممبر تھے اور میں اُن کا colleague رہا ہوں۔ ہماری ان کے ساتھ بڑی پرانی یادیں تھیں۔ جیسا کہ میں ان کی فیملی کو جانتا ہوں تو اِن کے والد اختر علی وریو صاحب نہایت ہی پاکباز تھے اور progressive farmer کے طور پر جانے جاتے تھے۔ ان کی decency، بات کرنے اور اسمبلی میں contribute کرنے کا طریق کار یہ تھا کہ اگر سپیکر صاحب نے اجازت دی ہے تو ٹھیک ورنہ بات نہیں کرتے تھے اور بعد میں اُن کو اجازت دی جاتی تب بات کرتے تھے۔ خوش اختر سبحانی صاحب اور اُن کے والد صاحب نے rules کو کبھی flout نہیں کیا۔ ایسے لوگ اپنے قدموں کے نشان چھوڑ جاتے ہیں اور اپنے نشانات لوگوں کی راہنمائی کے لئے ثبت کرتے ہیں۔ مجھ سے وہ چھوٹے تھے لیکن جب اُن کے ساتھ میری نشست ہوتی تھی تب اُس میں کبھی تفرقہ، شرارت یا طنز شامل نہیں ہوتا تھا۔ جتنی زندگی لکھی ہوتی ہے اس میں اللہ تعالیٰ کا ہی حکم ہوتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے دل میں ایک دکھ ہے کیونکہ بہت ہی اچھا ممبر اس ہاؤس سے جدا ہوا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اُن کی قبر کو منور کرے اور ان کے لئے مغفرت کا سامان پیدا کرے۔ شکریہ

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! میں نے کچھ عرض کرنا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، خلیل طاہر سندھو!

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! میں نے معزز لاء منسٹر سے بات کی ہے۔ کافی عرصے سے خوش اختر سبحانی صاحب کا خاندان سیاست میں رہا ہے، اُن کے بھائی ایم این اے ہیں، ایک بھائی ایم پی اے رہا ہے، اُن کے والد محترم منسٹر تھے اور یہ بھی منسٹر رہے ہیں۔ دنیا میں جو بھی انسان آیا ہے اس نے جانا ہے۔ سب نے دعا فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت کرے، اُن کی قبر کو منور کرے، اُن پر رحم کرے اور خاص طور پر اُن کے خاندان، بیوی، بچوں اور بھائیوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ چونکہ ہماری اسمبلی کی روایت بھی رہی ہے اس لئے میری آپ سے humble submission ہوگی کہ موجودہ ایک جوان ممبر کی death ہوئی ہے اور انہوں نے بڑی ذمہ داریاں نبھائی ہیں لہٰذا روایت کے مطابق آج کی کارروائی کو معطل کر دیا جائے I will be highly grateful to you.

**جناب چیئرمین:** خوش اختر سبحانی کی وفات کے بعد حسبِ روایت کارروائی کو ختم کیا جاتا ہے لہٰذا اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 2۔ جون 2021 دوپہر 2 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

---